The Absolute Reality

www.quran4u.com

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ لِّلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ

ایک طلب کرنیوالے نے عذاب طلب کیا جو نازل ہو کر

رہے گا (یعنی) کافروں پر (اور) کوئی اسکو ٹال نہ سکے گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة المعارج

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ایک طلب کرنیوالے نے عذاب طلب کیا جو نازل ہو کر رہے گا	.1
(یعنی) کافروں پر (اور) کوئی اسکو ٹال نہ سکے گا	.2
اور خدائے صاحب درجات کی طرف سے (نازل ہوگا)	.3
جس کی طرف روح (الامین) اور فرشتے چڑھتے ہیں (اور) اس روز رہے گا جس کا اندازہ پچاس ہزار برس کا ہوگا	.4
(تو تم کافروں کی باتوں کو) حوصلے کے ساتھ برداشت کرتے رہو	.5

.6	وہ ان لوگوں کی نگاہ میں دور ہے
.7	اور ہماری نظر میں نزدیک
.8	جس دن آسمان ایسا ہو جائے گا جیسا پگھلا ہوا تانبا
.9	اور پہاڑ (ایسے) جیسے (دھنکی ہوئی) رنگین اون
.10	اور کوئی دوست کسی دوست کا پرساں نہ ہو گا
.11	(حالانکہ) ایک دوسرے کو سامنے دیکھ رہے ہونگے (اس روز) گنہگار خواہش کرے گا کہ کسی طرح اس دن کے عذاب کے بدلے میں (سب کچھ) دے دے یعنی اپنے بیٹے
.12	اور اپنی بیوی اور اپنے بھائی
.13	اور اپنا خاندان جس میں وہ رہتا تھا
.14	اور جتنے آدمی زمین میں ہیں (غرض) سب (کچھ دیدے) اور اپنے تیئں عذاب سے چھڑا لے
.15	(لیکن) ایسا ہرگز نہ ہو گا وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے
.16	کھال ادھیڑ ڈالنے والی
.17	ان لوگوں کو اپنی طرف بلائے گی جنہوں نے (دین حق سے) اعراض کیا
.18	اور (مال) جمع کیا اور بند کر رکھا
.19	کچھ شک نہیں کہ انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے
.20	جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے
.21	اور جب آسائش حاصل ہوتی ہے تو بخیل بن جاتا ہے
.22	مگر نماز گزار

.23	جو نماز کا التزام رکھتے (اور بلاناغہ پڑھتے) ہیں
.24	اور جن کے مال میں حصہ مقرر ہے
.25	(یعنی) مانگنے والے کا اور نہ مانگنے والے کا
.26	اور جو روز جزا کو سچ سمجھتے ہیں
.27	اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے خوف رکھتے ہیں
.28	بیشک ان کے پروردگار کا عذاب ہے ہی ایسا کہ اس سے بے خوف نہ ہوا جائے
.29	اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں
.30	مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں سے کہ (ان کے پاس جانے پر) انہیں کچھ ملامت نہیں
.31	اور جو لوگ ان کے سوا اور کے خواستگار ہوں وہ حد سے نکل جانے والے ہیں
.32	اور جو اپنی امانتوں اور اقراروں کا پاس کرتے ہیں
.33	اور جو اپنی شہادتوں پر قائم رہتے ہیں
.34	اور جو اپنی نماز کی خبر رکھتے ہیں
.35	یہی لوگ باغ ہائے بہشت میں عزت واکرام سے ہونگے
.36	تو ان کافروں کو کیا ہوا ہے کہ تمہاری طرف دوڑے چلے آتے ہیں
.37	(اور) دائیں بائیں سے گروہ گروہ ہو کر (جمع ہو جاتے ہیں)
.38	کیا ان میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا
.39	ہرگز نہیں ہم نے ان کو اس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ جانتے ہیں
.40	ہمیں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی قسم کہ ہم طاقت رکھتے ہیں
.41	(یعنی) اس بات پر (قادر ہیں) کہ ان سے بہتر لوگ بدل لائیں اور ہم عاجز نہیں ہیں

.42	تو (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) ان کو باطل میں پڑے رہنے اور کھیل لینے دو یہاں تک کہ جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ انکے سامنے آموجود ہو
.43	اس دن یہ قبر سے نکل کر (اس طرح) دوڑیں گے جیسے (شکاری) شکار کے جال کی طرف دوڑتے ہیں
.44	ان کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی اور ذلت ان پر چھا رہی ہو گی یہی وہ دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com